اے اللہ ! میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم کر اور مجھے رفیقِ اعلی میں شامل کردے

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ میں نے نبی ﷺ کو جب کہ وہ میرے ساتھ ٹیک لگائے ہوئے تھے یہ دعا مانگتے ہوئے سنا: ”اللَّهُمَّ اغْفِرْ لِي وارْحَمْنِي، وأَلْحِقْنِي بالرَّفِيقِ الأَعْلَى“ اے اللہ ! میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم کر اور مجھے رفیقِ اعلی میں شامل کردے
[صحیح] [متفق علیہ]

جب رسول اللہ ﷺ کی وفات کا وقت قریب آیا تو آپ ﷺ اُم المومنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے ساتھ ٹیک لگا کر بیٹھ گئے اور آپ ﷺ اپنے رب سے دعا کر رہے تھے کہ وہ آپ ﷺ کو رفیق اعلی کے ساتھ ملا دے رفیق اعلی سے مراد انبیاء، صدیقین ، شہداء اور نیک لوگ ہیں

http://sunnah.global/hadeeth/ur/show/5472